میڈیا آفس
حزب التحریر
ولایہ پاکستان

﴿وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْاَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِيْنَهُمُ الَّذِي ارْتَضٰى لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُمْ مِّنْ بَعْدِ خَوْفِهِمْ اَمْنًا يَعْبُدُوْنَنِيْ لَا يُشْرِكُوْنَ بِيْ شَيْـًٔا وَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ﴾

حزب التحریر
Hizb ut Tahrir

جمعہ، 20 شعبان، 1445ھ | 01/03/2024 | نمبر:1445/33

پریس ریلیز

نبوت کے طریقے پر خلافت قائم کرو اور غزہ کیلئے فوجوں کو متحرک کرو!

29 فروری 2024 کو یہودی وجود کے ٹینکوں نے فلسطین کے درجنوں بھوک کی شدت سے بے حال مسلمانوں کو شہید اور سینکڑوں کو زخمی کر دیا جب وہ خوراک وصول کرنے کے لیے کھڑے تھے۔ **اے پاکستان کے مسلمانو!** کیا تم اللہ اور اس کے رسول ﷺ پر ایمان نہیں رکھتے؟ کیا تم اس بہترین امت کے بیٹے نہیں ہو جو بنی نوع انسان کے لیے پیدا کی گئی ہے؟ کیا تم فاتح مجاہدین کے بیٹے نہیں ہو جنھوں نے ساری دنیا میں خیر پھیلایا؟ کیا مسلم افواج میں موجود فوجی آپ ہی کی اولادیں نہیں ہیں؟ کیا آپ ان کو لڑنے پر مجبور نہیں کر سکتے، کیونکہ وہ یہ قابلیت رکھتے ہیں کہ وہ حق کو قائم کر کے دکھائیں اور ارض مبارک میں اپنے بھائیوں کی مدد کریں؟ **﴿وَ اِنِ اسْتَنْصَرُوْكُمْ فِي الدِّيْنِ فَعَلَيْكُمُ النَّصْرُ﴾ "اور اگر وہ دین میں تم سے مدد مانگیں تو تم پر مدد کرنا واجب ہے۔"**(الانفال:72)۔

اے افواجِ پاکستان کے جوانو! جان لو کہ فلسطین کے مسلمانوں کے خلاف ہونے والی نسل کشی آپ کے حرکت میں نہ آنے کے باعث جاری و ساری ہے! اللہ سبحانہ وتعالیٰ دیکھ رہا ہے کہ جن لوگوں سے وہ محبت کرتا ہے ان پر تشدد کیا جا رہا ہے، ان کی بے حرمتی ہو رہی ہے، ان کی تذلیل کی جا رہی ہے، بھوکا پیاسا رکھا جا رہا ہے اور ان کا قتلِ عام کیا جا رہا ہے جبکہ مسلم افواج میں سے سب سے مضبوط ترین فوج بُت بنی کھڑی ہے! ہم آپ سے پوچھتے ہیں کہ آپ مزید کتنے بچوں کو بھوکا پیاسا تڑپتے دیکھیں گے، یا سنائپر کا نشانہ بننے دیں گے یا مر جانے دیں گے؟ آپ مزید کتنے مردوں پر

تشدد ہونے اور انہیں ذلیل کرنے کی اجازت دیں گے ؟ آپ مزید کتنی خواتین کو "اسرائیلی" قابض افواج کے مردود شیطانوں کے ہاتھوں بے حرمتی کا نشانہ بننے کی اجازت دیں گے ؟

اے امت اسلامیہ کے سپاہیو! ہوشیار رہو، ہم سے پہلے بہت سی قوموں کو ان کے ظالم سرداروں، رہنماوں اور حکمرانوں نے گمراہ کیا۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی نافرمانی کرنے والوں کی اطاعت نہ کریں۔ ابن ماجہ اور احمد میں صحیح سند کے ساتھ مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: **«مَنْ أَمَرَكُمْ مِنْهُمْ بِمَعْصِيَةِ اللَّهِ فَلَا تُطِيعُوهُ»** **"تم میں سے جو کوئی تمہیں اللہ کی نافرمانی کا حکم دے تو اس کی اطاعت نہ کرو۔"** اسلام کے پہلے خلیفہ ابو بکرؓ نے ہمیں نافرمان حکمرانوں کی پیروی سے خبردار کرتے ہوئے کہا: **(أطيعوني ما أطعت الله ورسوله، فإن عصيت الله ورسوله فلا طاعة لي عليكم) "میری اطاعت کرو جب تک میں اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کروں، پس اگر میں اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کروں تو تم پر میری کوئی اطاعت نہیں ہے۔"** حضرت ابو بکرؓ، جو کہ صحابہ کرامؓ میں سب سے افضل ہیں، نے امت اسلامیہ کو خبردار کیا کہ اگر وہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت کرنا چھوڑ دیں تو ان کی اطاعت نہ کی جائے۔ لیکن اس تنبیہ کے باوجود آپ ظالم حکمرانوں کی اطاعت کر رہے ہیں، جو مغرب کی خدمت اور اللہ تعالیٰ کے احکامات کی خلاف ورزی کرتے ہیں۔

مسلمانوں کے موجودہ حکمرانوں کا دھوکہ، جھوٹ اور مکروفریب اب اپنی انتہاء کو پہنچ چکا ہے۔ یہ حکمران وہ بوجھ ہیں جنہیں اب آپ نے ہی امت کے کندھوں سے لازمی اتارنا ہے۔ پس آپ نبوت کے نقشِ قدم پر دوبارہ خلافت کے قیام کے لیے حزب التحریر کو نُصرۃ فراہم کریں، جو امت کی فوجی طاقت اور معاشی وسائل کو جمع کرکے یہود کے شیطانی، تباہ کن وجود کو زمین بوس کرے گی اور خطے میں اسلام کی بالادستی قائم کرے گی اور دنیا کی طاقتور ترین ریاست بن کر ابھرے گی۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے ارشاد فرمایا، **﴿إِن يَنصُرۡكُمُ ٱللَّهُ فَلَا غَالِبَ لَكُمۡۖ وَإِن يَخۡذُلۡكُمۡ فَمَن ذَا ٱلَّذِي يَنصُرُكُم مِّنۢ بَعۡدِهِۦۗ وَعَلَى ٱللَّهِ فَلۡيَتَوَكَّلِ ٱلۡمُؤۡمِنُونَ﴾ "اگر اللہ**

تمہاری مدد کرے تو کوئی تم پر غالب آنے والا نہیں اور اگر وہ تمہارا ساتھ چھوڑ دے تو کون ہے جو اس کے بعد تمہاری مدد کرے گا اور مومنوں پر لازم ہے کہ اللہ ہی پر بھروسہ کریں۔"(آل عمران، 3:160)۔

ولایہ پاکستان میں حزب التحریر کا میڈیا آفس